نوائے وقت

روزنامہ نوائے وقت 22 مارچ 2024ء

وفاقی محتسب انچارج کراچی ایئرپورٹ پہنچ گئے

اوورسیز پاکستانیز کیلئے قائم ون ونڈو فیسیلیٹیشن ڈیسک کا دورہ

ہمیں ون ونڈو سینٹر کی موثر کارکردگی کو یقینی بنانا ہوگا، نوید شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممبر انچارج وفاقی محتسب نوید احمد شیخ اور ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ڈاکٹر ریاض احمد میمن نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اوورسیز پاکستانیز کیلئے قائم ون ونڈو فیسیلیٹیشن ڈیسک کا دورہ کیا۔ انہوں نے فیسیلیٹیشن ڈیسک پر موجود مختلف محکموں کے نمائندگان سے مسافروں کی طرف سے اندراج کی گئی شکایات کے متعلق تفصیلی بات چیت کی۔ اس موقع پر ڈیسک پر موجود عہدیداران نے نوید احمد شیخ کو بتایا کہ مسافروں کو زیادہ تر شکایات 'پروٹیکٹوریٹ' کے حوالے سے ہوتی ہیں۔ ممبر انچارج وفاقی محتسب نے کہا کہ ہمیں ون ونڈو سینٹر کی موثر کارکردگی کو یقینی بنانا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ فیسیلیٹیشن ڈیسک اوورسیز پاکستانیز کیلئے بنائی گئی تھی لیکن اس سے عام مسافر بھی مستفید ہو رہے ہیں۔ ممبر انچارج وفاقی محتسب نے ڈیسک پر موجود عملے کی حاضری چیک کی اور 100 فیصد حاضری یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ نوید احمد شیخ نے کہا کہ مسافروں کو درپیش بورڈنگ سمیت دیگر مسائل کے تدارک کیلئے تمام محکموں پر بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فیسیلیٹیشن ڈیسک پر درج کی گئی شکایات کی ماہانہ رپورٹ مرتب ہونی چاہیے تاکہ معلوم ہوسکے کہ کن معاملات میں مسافروں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ نوید احمد شیخ اور ڈاکٹر ریاض احمد میمن نے امیگریشن کاؤنٹر کا بھی دورہ کیا اور ایف آئی اے ڈیوٹی انچارج کو ہدایت دی کہ مسافروں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے۔

ممبر انچارج وفاقی محتسب نوید احمد شیخ کراچی ایئرپورٹ پر فیسیلیٹیشن ڈیسک کا دورہ کر رہے ہیں

★★★ عوامی احساسات کا بے باک ترجمان ★★★

روزنامہ
نوٹس
لاہور

چیف ایڈیٹر نیئر جمیل بٹ
ایڈیٹر زاہد اقبال چوہدری

جلد نمبر 27 | جمعۃ المبارک 22 مارچ 2024ء، 11 رمضان المبارک 1445ھ، 10 چیت 2079 صفحات 04 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 269

وفاقی محتسب نے ریٹائرڈ سرکاری ملازم کو میڈیکل کلیم کی ادائیگی کروادی

لاہور (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق مظفر حسین نے وفاقی محتسب آفس لاہور میں درخواست دی کہ وہ محکمہ پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن (PBC) سے ریٹائرڈ ہوا تھا اور عرصہ دراز سے ایک موذی مرض کا شکار ہے۔ اس نے اپنی ادویات کے کلیم ادائیگی کے لئے اپنے محکمہ میں میڈیکل بلز جمع کروائے مگر محکمہ اسے میڈیکل کلیم کی ادائیگی میں مسلسل لیت ولعل سے کام لے رہا تھا۔ وفاقی محتسب نے تمام دستاویزات کا جائزہ لینے کے بعد پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کو حکم دیا تھا کہ وہ شکایت کنندہ کو تیس دن کے اندر میڈیکل کلیم کی ادائیگی کو یقینی بنائے۔ آج مورخہ 2024.03.21 کو محکمہ پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم پر درخواست گزار کو میڈیکل کلیم کا چیک دے دیا۔